جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس مطالبہ زر نمبر 6 پر بحث کی اجازت دی۔ جناب سپیکر، بنیادی طور پر یہ محکمہ کرپشن کے حوالے سے مشہور ہے اور اس کی کرپشن کے تدارک کیلئے ایک ہماری کوشش ہے اور اگر ہم اس کوشش کو جناب رسول اللہ ﷺ کی ایک حدیث کے زاویے سے دیکھیں، جناب رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ " الراشی والمرتشی کلاھما فی النار" رشوت دینے والا اور رشوت لینے والا دونوں جہنمی ہیں، اور ہم رشوت کے خاتمے کی کوشش تو کرتے ہیں لیکن وہ لینے والے کی سمت میں جاتے ہیں اور دینے والے کی سمت پر ہم نہیں جاتے ہیں، اس کو ہم کوئی معیوب ہی نہیں سمجھتے۔ تو جب تک ہم رشوت دینے والے اور لینے والے دونوں کا تعاقب نہیں کریں گے تو اس موذی مرض کا قلع قمع ناممکن ہے اور دوسری بات یہ ہے جناب سپیکر! کہ میں نے اس لئے کہا کہ یہ محکمہ مشہور ہے اور حقیقت سے ہم دیکھیں تو ہمارے جتنے بھی کنسٹرکشن کے محکمے ہیں، میری ذاتی رائے ہے کہ ان کی کرپشن محکمہ مال سے کم نہیں ہے، فارسٹ میں کرپشن محکمہ مال سے کم نہیں ہے اور اسی طرح محکمہ صحت میں بالخصوص جو دوائیاں سرکاری طور پر دی جاتی ہیں، ان کی بندر بانٹ، وہ بھی اس سے کم نہیں ہے کیونکہ وہ لوگ بھی راتوں رات گاڑیوں اور بڑی بڑی کوٹھیوں کے مالک بنتے ہیں لیکن یہ اور پولیس اس لئے ٹارگٹ ہیں کہ ان کو جو رشوت دی جاتی ہے، وہ عوام کی جیب کا پیسہ ہے اور دوسرے محکمے جب کرپشن کرتے ہیں تو وہ تو اگر کوئی ایک Sign ٹھیکیدار سے لیتا ہے تو وہ سرکار کا پیسہ تقسیم ہو جاتا ہے۔ یہ تو سب کو معلوم ہے، کون اس سے ناواقف ہے کہ 20 پرسنٹ کنسٹرکشن کا محکمہ لیتا ہے، 18 پرسنٹ لیتا ہے اور محکمہ مال میں اگر شرح کرپشن دیکھیں تو اتنی نہیں ہے لیکن یہ اس لئے زیادہ ہے کہ یہاں اگر ایک روپیہ بھی لیتا ہے، اگر پانچ روپیہ بھی لیتا ہے تو وہ ڈائریکٹ عوام کی جیب سے نکلتا ہے اور انہوں نے ٹھیکیدار کیلئے بھی اتنی گنجائش رکھی ہوئی ہوتی ہے کہ اگر وہ لاکھ روپیہ کا بل نکالتا ہے، 20 ایکسیئن کو دیتا ہے، 80 ان کی جیب میں رکھا انہوں نے 20 ہزار لگایا ہوتا ہے تو یہ 40 ہزار پھر بھی ٹھیکیدار کی جیب میں سرکار کا پیسہ رہتا ہے اور یہاں پر اس طرح نہیں

ہے، یہاں ڈائریکٹ اگر کوئی پٹواری پیسہ لیتا ہے تو وہ عوام کو اپنی جیب سے ادا کرنا پڑتا ہے، اس لئے اگر کسی سے پولیس والا 100 روپیہ لیتا ہے تو بڑا شور مچتا ہے اس لئے کہ وہ اسی آدمی کی اپنی جیب کا پیسہ ہوتا ہے۔ تو اس حوالے سے اگر ہم دیکھیں تو کرپشن کے حوالے سے ہمارا انتہائی بڑا مرض، ناسور ہے اور اس کے حوالے سے کوئی بھی حکومت اگر کوئی اقدامات کرتی ہے تو ہم اس کی تحسین کرتے ہیں۔ ایک دفعہ سراج صاحب نے دعوت پر گھر بلالیا، وہ فنانس منسٹر تھے اور میں ریونیو منسٹر تھا تو ہر ایک وزیر کے ساتھ فنانس منسٹر کی میٹنگ رکھی تھی بجٹ میں، تو سراج صاحب نے مجھے کہا کہ شیر کوہستان! آپ پر ہمارا بڑا اعتماد تھا کہ آپ ریونیو کے محکمے سے کرپشن کو ختم کریں گے، آپ نہیں کر سکے، تو میں نے ان سے کہا سراج صاحب! ایک محکمہ آپ کے پاس ہے، وہ ہے بینک آف خیبر، اور ایک محکمہ میرے پاس ہے، وہ ہے ریونیو، تو بینک آف خیبر کے ملازمین کو آپ امتیازی مراعات دیتے ہیں، اس لئے دیتے ہیں کہ انہی اہلکاروں کے پاس قوم کے خزانے کی چابی ہے اور دوسرا بڑا قیمتی اثاثہ جس میں لوگوں کے آباواجداد سے ان کیلئے اثاثہ جات منتقل ہوتے ہیں، اس کی قیمت بھی اس خزانے سے کم نہیں ہے، اس کی چابی ان پٹواریوں کے ہاتھ میں ہے اور ان کو آپ بھوکا رکھتے ہیں اور بھوکا رکھ کر مجھے کہتے ہیں کہ آپ کرپشن ختم کریں، میں کس طرح ختم کروں گا؟ تو آپ بینک آف خیبر کے ملازمین کی طرح ان لوگوں کو اتنی مراعات دیدیں اور پھر مجھے حکم کریں کہ جی آپ ان سے کرپشن ختم کریں۔ جناب والا، یہاں بات چلی، کافی ساتھیوں نے بات کی تو اگر ہم ایک مثال کے طور پر اسی محکمے کو لے لیتے ہیں اور اسی سے کرپشن کا خاتمہ کر کے مثالی طور پر، زبانی جمع خرچ کی بنیاد پر نہیں، تو اس کیلئے ہمیں راشی کے خلاف بھی قدم اٹھانا ہوگا اور مرتشی کے خلاف بھی قدم اٹھانا ہوگا بلکہ جناب رسول اللہ ﷺ نے راشی کا تو پہلے ذکر کیا ہے کیونکہ اگر وہ رشوت دینگے نہیں تو وہ کیا لینگے، ایک بات۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب تک ان لوگوں کو انہی اختیارات کی اہمیت کے مطابق مراعات نہیں دینگے اور ان کو بھوکا رکھیں گے تو پھر ان کے جو حیلے وغیرہ ہونگے کرپشن کے، تو اس سے ہم نہیں روک سکیں گے۔ تو اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ اگر ایک کمیٹی بنائی جائے چیف منسٹر صاحب کی اجازت سے، اس ہاؤس کی اجازت سے ریونیو منسٹر کی زیر نگرانی جس میں ایس ایم بی آر صاحب بھی بیٹھیں اور ان لوگوں کے مطالبات جو ہم سمجھتے ہیں کہ یہ جائز مطالبات ہیں اور ابھی تو کچھ اس قسم کی بھی افواہیں چل رہی ہیں کہ ان ساروں کو نکال رہے ہیں اور کچھ اور

لوگوں کو لارہے ہیں اور ابھی سے بکنگ شروع ہے ان نئے پٹواریوں سے، تو اس حوالے سے پھر مزید اس مسئلے، اس صوبے میں گھمبیر مسئلہ بن جائے گا اور یہ مسئلہ حل نہیں ہو گا۔ تو اس حوالے سے میں ان چند تجاویز کے ساتھ کہ یہ میں نے مطالبہ زر پیش کیا ہے تو اس کو میں ووٹنگ کیلئے پیش کرنے کی درخواست کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔ مسٹر محمود احمد خان بیٹنی۔

جناب محمود احمد خان: مهربانی سپیکر صاحب. دې نورو ټولو ملګرو خبرې وکړې، د دوئ سره مونږ اتفاق کوؤ. زه منسټر صاحب نه خالی یوه پته کوم چې د کوم پټواری ټرانسفر پوسټنګ کیږی، دا په کوم میرټ باندې کیږی؟ ځکه چې دوئ وائی چې په میرټ باندې مونږ ټول کار کوؤ خو دا د بیا مونږ ته واضحه کړی، دا پالیسی چې دا په کومې طریقې باندې دوئ، دا کوم ډی سی چې ټرانسفر پوسټنګ کوی، په کوم میرټ باندې ئے کوی؟ ځکه سپیکر صاحب، زه به یوه خبره درته وکړم. زما په حلقه کښې یو پټواری دے چې هغه په دغه بنیاد باندې ټرانسفر شو چې هغه ووټ ما ته راکړے دے او ووټ ئے خالی جمعیت علماء اسلام ته ورکړے دے، هغه د ایم این اے کلی وال دے او د ایم این اے د کلی دے، هغه پټواری ووټ ما ته راکړے دے، هغه په هغه بنیاد باندې دفتر ته شو، دوئ د مونږ ته خالی دا بیان کړی چې دا ټرانسفر پوسټنګ په کومه پالیسئ باندې کیږی؟ چې په دې پالیسئ کیږی چې آیا خالی چې ووټ ئے بل چا ته ورکړے وی یا هغه مخالفت ئے کړے وی، په دې باندې دا ټرانسفر پوسټنګ کیږی، دا خو د انصاف حکومت دے، په دغه انصاف حکومت کښې دا میرټ، دا میرټ خو بیا نه چلیږی سپیکر صاحب. دغه ما د منسټر صاحب په نوټس کښې راوستې وه او منسټر صاحب اووئیل چې هلته ایم این اے دے، زه بې بسه یم. دویمه خبره دا ده چې زما ضلع ټانک، منسټر صاحب د دا خبره هم وکړی چې دا کمپیوټرائزیشن کوم سسټم شروع دے چې د دې ضلعې نمبر به په قسمت سره کله به پکښې رادرومی. دغسې په قانونګو کښې ما سره دا سسټم روان دے چې چا ما ته ووټ راکړے دے، هغه ایم این اے ئے د یوې حلقې نه واخلی بلې حلقې ته ئے ټرانسفر کړی. دا میرټ، چې دا کوم میرټ دے، دا د منسټر صاحب مونږ ته

بیان کړی چې آیا دا په کوم میرټ باندې، خالی په دې باندې چې بیټنی صاحب ته
ئے ووټ ورکړے دے ټرانسفر ئے کړئ۔ څوک ئے دفترو ته کړل، څوک ئے
کوهستان ته کړل، څوک ئے تورغر ته کړل، دا خو میرټ نه شو کنه۔ مونږ ته د
منسټر صاحب دا پالیسی واضح کړی چې دا کومه پالیسی ده د ټرانسفر پوسټنګ
د پاره؟ او زما کټ موشن د ووټنګ ته شی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ منور خان ایڈوکیٹ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! کافی تفصیل سے ریونیو ڈیپارٹمنٹ میں Suggestions اور Proposals پیش کی گئیں لیکن میں سر! منسٹر صاحب کے بارے میں صرف یہی کہہ سکتا ہوں کہ منسٹر صاحب! آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ کو جو ایس ایم بی آر ملا ہے، میرے خیال میں پچھلے سال بھی اس ایس ایم بی آر کے بارے میں پچھلی اسمبلی میں بھی اوپن یہاں پہ ڈسکشن ہوئی تھی کہ اگر کوئی Honest بندہ ہے تو یہ ایس ایم بی آر ہیں اور میں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ اس قسم کے لوگ آپ کے ساتھ ہیں۔ پٹواریوں کے ٹرانسفر وغیرہ میرے خیال میں پورا ایک سال ہو گیا ہے، میں نہ کبھی کم از کم منسٹر کے پاس، نہ پٹواری کے پاس گیا ہوں اور اپنے ڈسٹرکٹ میں بھی کم از کم یہی حال ہے تو میں سر! منسٹر کو کم از کم ذرا یہ Suggestion اور یہ احساس دلاتا ہوں کہ اپنے ایم پی ایز کے ساتھ ذرا Behavior کو ٹھیک رکھیں کیونکہ سارے جتنے بھی ایم پی ایز ہیں یا ان کے خلاف بول رہے ہیں اس Behavior سے، وہ اپنا Behavior ٹھیک کریں اور میں سر! منسٹر کیلئے، یہ جو کٹ موشن میں نے موؤ کی ہے، میں صرف ایس ایم بی آر کی خاطر یہ Withdraw کرتا ہوں۔ تھینک یو سر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر نور سلیم ملک۔

جناب نور سلیم ملک: میرا نمبر آ گیا۔

جناب سپیکر: چلو شیراز خان اس کے بعد کر لیں گے۔

جناب نور سلیم ملک: ٹھیک ہے، شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، ریونیو کا محکمہ کسی بھی حکومت میں Backbone کا درجہ رکھتا ہے۔ جناب سپیکر، محکمے میں بہت ساری کمزوریاں ہیں اور یقیناً یہ آج سے نہیں

ہیں پہلے سے چلی آ رہی ہیں۔ مجھے کافی اعتراضات ہیں اس محکمے پر اور اس محکمے کا جو طریقہ کار ہے، اس پر بھی میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ جب اپنی تقریر کریں تو اس میں واضح طور پر بتائیں کہ وہ پٹوار خانوں کے سلسلے میں کیا کر رہے ہیں؟ کیونکہ مستقل جگہوں پر ایسے پٹوار خانے لوگوں نے قبضہ کر رکھے ہیں، میں نے خود ڈپٹی کمشنر کو اپنے ضلع میں متعدد ایسے پٹوار خانوں کی نشاندہی کی جن کے بارے میں نے ان کو بتایا ہے کہ وہاں پہ لوگوں نے قبضہ کر رکھا ہے اور پٹواری جو ہے وہ وہاں بیٹھ نہیں سکتا، لہذا جب وہ وہاں بیٹھے گا نہیں، تو عوام کہاں جائیں گے اس سلسلے میں، اپنے کاموں کے سلسلے میں؟ اسکے علاوہ منسٹر صاحب ایک قابل اور محنتی آدمی ہے اور مجھے امید ہے کہ یقیناً وہ اس محکمے کی بہتری کیلئے بہت کچھ کر رہے ہیں اور کرتے رہینگے۔ تو میں سپیکر صاحب، اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔ شکریہ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر محمد شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر، محکمہ ریونیو و مال میں پٹواری کلچر کے خاتمے کے دعوے کیے گئے تھے، پچھلے بجٹ اجلاس میں کرپشن کے خاتمے کے دعوے کیے گئے تھے لیکن جناب سپیکر، پٹواری مافیا اتنا منہ زور اور بااثر ہے کہ وہ اپنے افسران بالا کے احکامات کو بھی خاطر میں نہیں لاتے تو کرپشن کے ایسے گر استعمال کرتے ہیں جس کو نہ خدا مانتا ہے اور نہ رسول مانتا ہے، پہلے صرف رشوت لیتے تھے لیکن اب اس کے ساتھ رسید بھی دیتے ہیں، یہ ثبوت پیش کرتا ہوں، اگر یہ ایوان چاہے تو میں اس کا ثبوت بھی پیش کر سکتا ہوں۔ اس لئے میں اس محکمہ مال کی کارگزاری سے مطمئن نہیں ہوں، میں نے تین کروڑ روپے کی کٹ موشن پیش کی ہے اس لئے میں ووٹنگ کیلئے پیش کرتا ہوں۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔ دې ریونیو ډیپارټمنټ باندې کټ موشن زما راغلے دے۔ جناب سپیکر، دا ټهیک ده بنه خامئ او کوتاهئ دا هر ډیپارټمنټ کښې راتلے شی، کمے راتلے شی خو زما په خیال باندې تر اوسه پورې زمونږ دې هاؤس کښې یو خبره راروانه ده، اکثر و بیشتر ملګری د دې ډیپارټمنټ نه ګیله کوی او وائی چې مونږ د منسټر صاحب په وجه باندې، هغه بنه سړے دے، شریف سړے دے، هغه خپل اکثر کوئسچنز وی یا کټ موشنز وی یا

کال آٹینشنز وی نو هغه Withdraw کوی لکه څنگه چې منور خان صاحب خبره وکړه۔ جناب سپیکر صاحب، ما د دې سټینډنګ کمیټۍ د چیئرمین په حیثیت باندې د ډیپارټمنټ چې کوم هیډ دے، سینیئر ممبر بورډ آف ریونیو، نو ما چې څومره وکتل نہایت شریف انسان، نہایت Honest او دیانتدار، مونږ دلته په فلور باندې جناب سپیکر! اکثر و بیشتر د خپل هیډ آف ډیپارټمنټ چې هغه چې څومره بیوروکریټس دی، د هغوی خامۍ مخې ته راولو خو د هغوی چې کوم ښه اقدامات دی او د هغوی چې کوم دیانت دے او شرافت دے، هغه مخې ته نه راولو، زه هغوی Encourage کوم، زه هغوی Appreciate کوم او منسټر صاحب خو سیاسی کس دے، د هغه سره اختلاف کیدے شی د ملګرو خو کم ازکم زه به دا اووایم چې کوم هیډ آف ډیپارټمنټ دے، ایس ایم بی آر صاحب نو هغه انتہائی یو Honest، یو دیانتدار شریف انسان دے۔ زه د هغوی د شرافت او د دیانت په وجه باندې دا خپل کټ موشن واپس اخلم جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میڈم یاسمین پیر محمد خان۔

محترمہ یاسمین پیر محمد خان: سپیکر صاحب، د ریونیو ډیپارټمنټ د لاسه چې کوم خلق په عدالتونو کښې که تاسو وګورئ نو که دریمه حصه نه وی نو دویمه حصه خو خامخا په عدالتونو کښې ښه معزز او ښه شریفانان خلق راښکلی شی ځکه چې اکثر داسې وی چې انسان د خپل ځان نه خبر نه وی او په خپلو خولو کښې ډوب وی او دوئ هغه زمکه کښې ورله داسې څه حصه اخستی وی چې هغه ئے په بل چا پسې خیژولې وی، داسې ډیر ډیر واقعات راغلی دی خو دا ټوله وجه چې ده، دا د پټواری د لاسه خرابه ده ځکه چې پټواری اکثر وائی بره په آسمان کښې خدائے دے او په لاندې زمکه زه یم، نو د هغه دومره لویه نشه ده ځکه چې د هغه حساب کتاب چا لا تر اوسه پورې نه دے کړے۔ نو سپیکر صاحب! زما منسټر صاحب ته به دا خواست وی چې که یو پټواری ډیر دغه وی، تاسو ورله دا حد مقرر کړئ چې دوه کاله پس به زه دا بدلوم نو دے به بیا داسې خبرې هم نه کوی او نه به داسې د چا جائیدادونو کښې ګوتې وهی۔ د دې سره زه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جناب علی امین گنڈاپور۔

جناب علی امین خان (وزیر مال واملاک): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ سب سے پہلے تو میں اس معزز ایوان کے اراکین کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے اوپر اتنا Concern show کیا ہے اور اتنی کٹ موشنز لگا کے Basically ہماری مدد کرنے کی کوشش کی ہے، تجاویز دیکر یا جو خامیاں اور کمیاں ان کو نظر آئی ہیں ہمارے محکمے کے اندر، تو جناب سپیکر! جو سب سے Main point یا Main staff ہے، وہ Basically لینڈ ریوینو ریکارڈ سسٹم کو کمپیوٹرائز کرنے کا، ہماری پارٹی کا بھی تھا، مخلوط حکومت کا بھی تھا اور میرے خیال میں کافی سالوں سے یہ چل رہا ہے اس ایوان کے اندر کہ یہ سسٹم کمپیوٹرائزڈ ہونا یہ Basically پٹواری کلچر اور کرپشن کا خاتمہ ہے، تو اسکے اوپر شاید بہت سے ہمارے اراکین کو Updates نہیں ہیں تو میں تھوڑا کہنا چاہتا ہوں پہلے، اس کے بعد مزید بھی کچھ باتوں پہ میں روشنی ڈالوں گا۔ جب ہم نے یہ حکومت سنبھالی تو اس وقت تقریباً چھ سال سے اس صوبے کے اندر یہ کام ہو رہا تھا لیکن ایک بھی قانونگو حلقہ ہمیں نہیں ملا ریکارڈ کے مطابق یا جو ہمیں پیچھے سے Feedback ملتی اور ہم آگے چلتے تو ہم نے Informally زیرو سے سٹارٹ لی ہے اس کیلئے اور جہاں تک ٹائم کی انہوں نے بات کی ہے تو چونکہ ہم سارے ریکارڈ کو بندوبست سے Tally کر رہے ہیں تو اس میں ٹائم اگر لگ رہا ہے تو وہ عوام کے فائدے کیلئے لگ رہا ہے کیونکہ اگر ہم اسی طرح جلد بازی میں اس کام کو ادھر اتار لیں As it is اور چیک نہ کریں اور بندوبست کے ساتھ اس کو Match نہ کریں تو پچھلے کئی سالوں میں جو پٹواریوں نے اس میں ردوبدل کیا ہے اور ریکارڈ میں کافی خامیاں آچکی ہیں، جس کی وجہ سے بہت سارے کیسز بھی چل رہے ہیں جس کی نشاندہی یہ خود کر رہے ہیں، تو میرے خیال میں بہت بڑا ظلم عظیم ہو جائے گا لوگوں کے ساتھ اور مزید یہ کیسز بہت زیادہ ہیں، Litigations بہت زیادہ بڑھ جائیں گی، تو اس کیلئے Proper اس میں کام ہو رہا ہے اور جہاں تک چار ضلعوں میں کام کی بات ہے شروع ہونے کی، تو ہمارا یہ مقصد تھا کہ ہم اس کو انٹرنیشنل سٹینڈرڈ کے اوپر کرنا چاہتے ہیں تاکہ کوئی کمی بیشی نہ رہے اور ماشاءاللہ ہم نے اس کیلئے باقی ضلعوں میں بھی کام ہو رہا ہے لیکن مردان کو ہم نے As a pilot project لیا کیونکہ اس کا

بندوبست 1985 میں ہوا تھا اور Latest تھا باقیوں کی نسبت اور مجھے فخر ہے اس بات پہ اور میں اس بات کو اگر کر رہا ہوں تو کل اس بات کو Face کرنے کو بھی تیار ہوں کہ مردان میں ہم نے 90% مکمل کر لیا اس کام کو، پورے ضلع کو اور ان شاء اللہ بہت جلد جب قانون پاس ہو جائے گا اسمبلی کے اندر کمپیوٹرائزڈ سسٹم کا، تو اس کے بعد جلد ہی عمران خان صاحب، وزیر اعلیٰ صاحب جا کر افتتاح کریں گے اور اس سے بڑی بات یہ ہے کہ انٹرنیشنل سٹینڈرڈز کے اندر یہ چیز بھی آتی ہے کہ کہیں پر بھی اگر دنیا میں یہ سسٹم کمپیوٹرائزڈ ہوا تو 10% اس میں Mistakes آئی ہیں لیکن مجھے فخر ہے اس بات پہ، اپنی ٹیم پہ کہ مردان کے اندر ہم نے دو حلقوں کا ریکارڈ جو عوام کیلئے چسپاں کیا ہے کہ آپ Verify کریں، Tally کریں تو اس میں ابھی تک ایک بندے کی بھی شکایت نہیں آئی اور مکمل طور پہ وہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہے۔ اس کے علاوہ جہاں تک کچھ اراکین کو یہ تحفظات ہیں کہ ان کے ضلع میں کام شروع نہیں ہوا تو ہمیں احساس تھا اس بات کا کیونکہ کام مشکل ہے اور کچھ اضلاع ہمارے، بہت ٹیکنیکل ہیں، تھوڑے Delegate ہیں، تھوڑے بڑے بھی ہیں تو ہم نے ماشاء اللہ کیبنٹ کے اندر اور اس بجٹ کے اندر رکھا ہوا ہے کہ جتنے بھی اضلاع ہیں صوبے کے، وہ ان شاء اللہ مکمل طور پہ اس سال سب میں کام شروع ہو جائے گا اور مجھے پورا یقین ہے کہ ان شاء اللہ اس حکومت کے دوران دو سے تین سالوں میں ان شاء اللہ جو ٹائم ہے چار سال کا، ایک سال گزر گیا ہے، اسی میں ہم پورا کریں گے ان شاء اللہ اس کو۔ اس کے علاوہ ہم لوگ صرف ریکارڈ کو کمپیوٹرائز نہیں کر رہے ہیں، ہم لوگ ساتھ ساتھ نقشہ جات کو بھی کمپیوٹرائز کر رہے ہیں، جی آئی ایس کے تھرو تاکہ اگر ریکارڈ بالکل ٹھیک ہو تو جب زمین پہ آپ جائیں تو پٹواری کم از کم آپ کی زمین کے ایریا میں ردوبدل نہ کر سکے، اس کی لوکیشن میں ردوبدل نہ کر سکے۔ اس کیلئے ہم جی آئی ایس یو پر بھی کام کر رہے ہیں اور ان شاء اللہ وہ بھی ساتھ ابھی شروع ہو رہا ہے اور ساتھ وہ بھی مکمل ہو جائے گا۔ تو آپ کا، پورے صوبے کا، آپ کے عوام کا، آپ کے ووٹروں کا مکمل جو ریکارڈ ہے، ملکیت بھی، باقی سارے ڈاکومنٹس بھی اور ساتھ میں آپ کے جو نقشہ جات ہیں، وہ مکمل جی آئی ایس پہ، ان شاء اللہ ان چیزوں میں بھی فرق نہیں آئے گا اس کے اندر۔ اس کے علاوہ دوسرے تحفظات ہیں ان کے، وہ زیادہ تر ہیں کہ ریونیو کیسز، جب ہم نے حکومت سنبھالی تو ریونیو کیسز پیچھے سے کئی کئی سالوں سے پینڈنگ آ رہے تھے، دس دس سال سے، آٹھ آٹھ سال سے، تو ہم نے اس کیلئے ایک لیول بنایا

اور ہر مہینے ہم Updates لیتے ہیں ڈپٹی کمشنر سے کہ آپ نے کتنے کیسز کئے ہیں، کتنے مکمل ہوئے آپ کے، کتنے نئے آپ کے پاس آئے؟اوراس میں یہ مجھے فخر ہےاس بات پہ کہ ماشاءاللہ پرانے کیسز ہم 50% ختم کر چکے ہیں اب تک، اور چونکہ ڈپٹی کمشنر صاحب آجکل کلکٹر کا کام کر رہے ہیں توان پہ باقی بھی بڑا بوجھ ہے اور ساتھ وہ کلکٹر بھی ہے تو تھوڑا سامسئلہ آتا ہے اس کے اندر کہ وہ اس طرح کیسز نہیں سن سکتے لیکن ہم ان شاءاللہ اس کے اوپر پورا ایک لائحہ عمل طے کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ صاحب اور ہماری میٹنگز ہوئی ہیں، اس کیلئے ہم ان شاءاللہ بہتر اقدامات کر کے اس کو مزید بھی تیز کر دیں گے۔ اس کے بعد جناب! جہاں تک بات ہے تو Verification ہونا بہت ضروری ہے، اگر ہم Verification نہیں کریں گے، کاغذات کو بندوبست کے ساتھ Match نہیں کریں گے تو میرے خیال میں یہ بہت بڑی زیادتی ہو گی اور اس کیلئے آپ ہمارا ساتھ دیں۔ اگر آپ کے حلقوں میں کوئی مسائل آتے ہیں آپ کو، آپ کے لوگوں کے مسائل ہیں، آپ کے ہی وہ لوگ ہیں، آپ کے حلقوں میں وہ ہیں اور میں نے پہلے بھی آپ سے کئی بار درخواست کی ہے کہ آپ وہ شکایات ان کی لیکر، ان کے نمائندے آپ ہیں تو ہمارے پاس لے کر آئیں اور وہ مسئلے اگر حل نہ ہوں تو اس کے بعد پھر ثبوت کے ساتھ آپ یہاں پہ کھڑے ہوں، ان شاءاللہ ہم میں جو غلطی ہو گی ہم مانیں گے لیکن بغیر ثبوت کے ہم کچھ کر بھی نہیں سکتے ہیں کیونکہ ادھر لاء ڈیپارٹمنٹ بھی ہے، کوئی رولز آف لاء ہیں یہاں پہ جن کو ہمیں Follow کرنا پڑتا ہے۔ اس کے بعد بات آتی ہے جی کرپشن کے اوپر، کرپشن تو میرے خیال میں ہر ڈیپارٹمنٹ کا مسئلہ ہے اور آج سے نہیں ہے سال ہا سال سے ہے اور کرپشن میں یہ بھی آپ کو کہہ دوں کہ ہم لوگ مکمل طور پر، ہم نے یہ فارم کا سسٹم شروع کیا ہے کہ وہ فارم کے اندر جو بندہ ہوتا ہے، جو زمین خریدتا ہے، اس کا نمبر لکھنا ضروری ہے۔ تو وہ اس لئے کیا ہے تا کہ ہم لوگ کچھ اخذ کر سکیں کہ ہو کیا رہا ہے ہمارے ساتھ کیونکہ اس سے پہلے تو ہم Blind بیٹھے تھے یہاں پہ، پتہ ہی نہیں تھا اور دوسری بات یہ ہے کہ عوام کی Approach نہیں تھی لیکن آپ تک عوام کی Approach ہے، آپ ہماری Help کریں اس میں اور یہ جو ہر مہینے ریکارڈ آجاتا ہے ہمارے پاس مکمل طور پہ اور ہم لوگ Daily basis پہ کالیں کر رہے ہوتے ہیں لوگوں کو، اس میں ہمیں یہ فائدہ ہے کہ اگر کال نہیں ملتی تو ہمیں پتہ چل جاتا ہے کہ یار یہ کیوں نہیں مل رہی ہے کال؟ یا کوئی نمبر بند ملتا ہے تو ہم اس میں بھی کوئی نہ کوئی ایکشن لیتے

ہیں۔اس کے علاوہ اگر کسی کی آپ بات کرتے ہیں تو لوگ ہمیں بتا دیتے کیونکہ انہوں نے کام کرایا ہوتا ہے تو آپ بھی یہ کام کرسکتے ہیں، اپنے حلقوں میں آپ وہ ریکارڈ لے سکتے ہیں۔ Right to Information کا بل ہم نے پاس کیا ہوا ہے، آپ بھی کال کریں،اس کرپشن کو ختم کرنے میں ہمارا ساتھ دیں اور اگر ایسی کوئی چیز سامنے آتی ہے تو ان شاء اللہ میں آپ کو یقین سے کہہ رہا ہوں کہ اب تک ہم نے 100 سے زیادہ پٹواری Suspend کئے ہیں لیکن وہ Terminate اس لئے نہیں ہو سکے کہ 20 دنوں کے اندر انکوائری مکمل کر کے اس کے بعد ثبوت لانا ہوتا ہے۔ تو جو لوگ شکایت والے ہوتے تھے، وہ اکثر بعد میں آکر کہہ رہے تھے جی غلط فہمی کی بنیاد پہ ہوا ہے، میں ڈیٹیل میں نہیں جاؤنگا کہ کیا وجوہات ہوتی ہیں اس کی لیکن آپ سمجھتے ہیں وہاں پر کہ وہ کوئی بات چیت کر لیتے ہیں اور اپنا مقصد پورا ہو جاتا ہے، چیز واپس مل جاتی ہے تو وہ اس کے بعد دشمنی نہیں لینا چاہتے، بدی نہیں کرنا چاہتے کہ چلو میرا کام ہو گیا ہے، باقی خیر ہے اللہ کے حوالے ہے۔ تو آپ اس میں ہمارا ساتھ دیں، آپ کے حلقے ہیں، آپ کے لوگ ہیں اور ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ آج تک جو بھی شکایت چاہے سی ایم کمپلینٹ سیل میں آئی ہے،ایک ہزار شکایات آئی ہیں ایک سال میں سی ایم کمپلینٹ سیل میں اور آپ جا کے چیک کر سکتے ہیں Right to Information کے مطابق کہ ساری کی ساری حل ہوئی ہیں، 100% جو سی ایم کمپلینٹ سیل میں شکایات آئی ہیں، کسی سے اگر پیسے لیے گئے ہیں،انکوائری ہوئی ہے اس کے خلاف، پیسے واپس ہوئے ہیں یا کوئی رد و بدل تھا زمین میں، مکمل ہم نے اس کو Redress کیا ہے، جو ڈپٹی کمشنر کے پاس گئی ہیں،ان میں بھی یہی ہے، جو میرے پاس آئی ہیں۔ آپ کے بہت سارے ایم پی ایز حضرات میرے پاس آئے ہیں،انہوں نے مجھے شکایت کی کہ پٹواری پیسے لیتا ہے، میں نے کہا آپ ثبوت لائیں کہیں انہیں ثبوت نہیں ملا تو یہ میں نے چیک کیا کہ اس کی شہرت اچھی نہیں ہے تو میں نے کوشش یہ کی کہ اس کو ہٹا دیا جائے لیکن پٹواری کا ٹرانسفر چونکہ بورڈ آف ریونیو نہیں کرتا بلکہ ڈپٹی کمشنر کرتا ہے، یہ بھی آپ سب کو معلوم ہے یہ بات۔اس کے علاوہ جہاں تک بات ہے پٹواریوں کی Strike کی، تو ہم پٹواریوں کے دشمن نہیں ہیں، ہم کرپشن کے دشمن ہیں۔ ہم نے خود جب یہ حکومت سنبھالی تو اس کے بعد پٹواریوں کے حالات کو دیکھ کر اگر ہم نے ان کے یہ دروازیں بند کر دیئے یا کچھ ایسے پٹواری ہیں جو رشوت نہیں لیتے تو ان کی اگر مراعات و تنخواہیں کم ہیں تو ہمیں ان کیلئے کچھ کرنا

چاہیئے، تو ہم نے سمری بھیجی، اس سمری میں بہت سی چیزیں ہماری Approved ہوئیں، کچھ نہیں ہو سکا ان پہ بھی۔ سی ایم صاحب سے ہماری بات ہوئی ہے، ہم اس کو Review کر رہے ہیں لیکن ہم نے 50% تنخواہ بڑھائی پٹواریوں کی جنوری میں، ہڑتال تو اب ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ پرسنل الاؤنس ان کا پانچ روپے چل رہا تھا اور یہاں پہ بہت سے ایسے بھی ممبران حضرات بیٹھے ہیں کہ جو پچھلی حکومتوں میں رہے ہیں اور یہ بہت سالوں سے چل رہا ہے، انہوں نے پتہ نہیں اس وقت کیوں گوارا نہیں سمجھا کہ پانچ روپے کو بڑھایا جائے، ہم نے پھر بھی گوارا سمجھا اور صوبے کے حالات کو دیکھ کر، صوبے کے وسائل کو دیکھ کر اس کو پانچ سو روپے کیا۔ ہم پوری کوشش کرینگے کہ اگر صوبے کے حالات ہمارے وسائل برداشت کر سکتے ہیں تو ہمیں خوشی ہو گی کہ ہم ان کو اور بھی زیادہ سے زیادہ مراعات دے سکیں اور جہاں تک بات ہے گریڈز کی کہ وہ گریڈز کی ڈیمانڈ کر رہے ہیں پٹواری صاحبان تو گریڈ چونکہ وہ ڈائریکٹ 14 گریڈ مانگ رہے ہیں تو پھر قانونگو 15 میں جائے گا، گرداور پھر 16 میں جائے گا اور پھر تحصیلدار 17 میں جائے گا تو یہ ایک بہت لمبی Chain ہے اور اس Chain میں میرے خیال میں اگر ہم ڈالیں گے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو تو آپ کو معلوم ہے کہ یہ بہت مشکل مرحلہ ہے اور اتنے گریڈز یکدم بڑھانا ہمارے صوبے کے وسائل کے مطابق Impossible ہے لیکن پھر بھی ایک کمیٹی بنائی ہے وزیر اعلیٰ صاحب نے چیف سیکرٹری صاحب کی قیادت میں اور اس کے اندر اس ساری چیز کو ان شاء اللہ دیکھا جائے گا، اس کے اوپر کام کیا جائے گا اور پوری کوشش کی جائے گی کہ ان کو مکمل طور پر Facilitate کیا جائے۔ ساتھ ساتھ جو زمینوں کی ہم بات کر رہے ہیں کہ زمینوں کے ریٹس کا مسئلہ ہے بہت زیادہ اور بڑا فرق آتا ہے، اسی وجہ سے پٹواری کے پاس بہت بڑا Playground ہے کھیلنے کا کیونکہ مارکیٹ ریٹ کچھ اور ہے اور سرکاری ریٹ بہت کم ہے اس سے، تو ہم نے آتے ہی اس کو ڈبل کیا، پھر کچھ یہاں پہ اسمبلی میں ہی فلور پہ باتیں ہوئیں کہ بہت زیادہ ہو گیا ہے، پھر کچھ جگہوں پہ کم کیا لیکن پھر اس کے بعد ہم نے اس کے اوپر ایک آرڈر دیا، ایک کمپنی اس میں کام کر رہی ہے اور اکتوبر تک ان شاء اللہ وہ پوری ہمیں صوبے کے ریٹس کی Evaluation کر کے دیدیگی تو پھر ہمارا یہ مسئلہ ختم ہو جائے گا اور پٹواری کا جو Playground ہے، اتنا بڑا کھیلنے کا Margin، وہ بھی ان شاء اللہ کم ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ میرے خیال میں، میں ان سے ریکویسٹ کرونگا، میں پہلے بھی کر چکا ہوں کہ آپ اپنے حلقے کے نمائندے ہیں، اپنے

حلقے کے اندر آپ کے حلقے میں کرپشن ہوتی ہے تو میرے خیال میں بڑی عجیب بات ہے کیونکہ میرے حلقے میں میں دعوے سے کہتا ہوں کہ اگر میں وہاں پہ ہوں اور میرے عوام سے کوئی پیسہ لیتا ہے تو میرے خیال میں یہ میری نااہلی ہے۔ آپ ہمارے پاس کیس لائیں، ثبوت لائیں، ریفرنس میں بندہ بھیجیں کہ پٹواری نے اس سے پیسے لیے ہیں، ان شاءاللہ پٹواری جو پیسے لے گا، جو رشوت لے گا، اس کا ان شاءاللہ اس کو سزا دی جائے گی اور بدترین سزا دی جائے گی اور ساتھ ساتھ یہ بھی ہے کہ اگر یہ ہڑتال اور یہ جو بات چل رہی ہے، اس میں ڈومیسائل کا مسئلہ آگے آئے گا، جو آپ کے تحفظات ہیں تو اس کے اوپر ہم نے مکمل طور پہ آج اخباروں میں بھی دیدیا، ڈپٹی کمشنرز نے بھی اس کو اناؤنس کر دیا ہے کہ اب ڈومیسائل کیلئے آپ کو پٹواری کی ضرورت نہیں ہے، نادرا کے فارم "ب" کے اوپر آپ کا ڈومیسائل ڈائریکٹ بنے گا تو وہ پٹواری کا چونکہ اس سے تعلق ختم ہو چکا ہے تو اس لئے وہ ہڑتال جب تک ختم نہیں ہوتی، ہماری جو بات چیت ہے وہ نہیں ہوتی ہے۔ تو آپ کو پریشانی کی ضرورت نہیں، ان شاءاللہ آپ کا کام ہوتا رہے گا۔ اس کے ساتھ ہم نے ایک وارننگ بھی دی ہے ان کو، یہ آپ کو اس لئے بتا رہے ہیں کہ آپ کے کچھ ایسے تحفظات ہیں، آپ کو مکمل پتہ ہو کہ کیا ہو رہا ہے اس کے اوپر، چونکہ وہ بات چیت کیلئے بھی تیار نہیں ہیں اور جو وہ ڈیمانڈیں کر رہے ہیں میرے خیال میں وہ ڈیمانڈیں تو آپ ایم پی ایز اور منسٹرز سے بھی زیادہ مراعات مانگ رہے ہیں، وہ اس وقت 58 ہزار روپے تنخواہ، 10 ہزار روپے پیشی کیلئے اگر میں جاؤں تو میرے خیال میں یہ تو حکومت دو لاکھ روپے مہینہ برداشت نہیں کر سکتی لیکن پھر بھی اگر یہ سیاسی رنگ اس کو دے رہے ہیں تو میرا آپ سے وعدہ ہے، چونکہ پٹواریوں سے ہمارا کوئی ایسا قریبی رشتہ نہیں ہے، اگر کوئی بھی گورنمنٹ کا، کوئی بھی سرکار کا ملازم ڈیوٹی نہیں کریگا تو اس کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا، یہ ایک Clear message ہے ہماری گورنمنٹ کا اور میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ ہمارے ساتھ رابطے میں رہیں اور یہ کٹ موشنز جو آپ نے لگائی ہیں، مجھے خوشی ہوئی ہے کہ اتنی زیادہ Feedback مل گئی ہے ہمیں مزید کام کرنے کیلئے اور جو باتیں میں نے آپ کو کہی ہیں، مردان کے حوالے سے اور ضلعوں کے حوالے سے، ان شاءاللہ آپ اس کو Verify کر سکتے ہیں، ان شاءاللہ اکتوبر میں پشاور کے بھی آپ کے تین سرکلز جو ہیں، جو بدنام ترین سرکلز ہیں، اکتوبر میں وہ بھی ان شاءاللہ ہو رہے ہیں، آپ وہاں پھر بھی چیک کر سکتے ہیں، ان کو Verify کر سکتے

ہیں اور پھر یہ اسمبلی کا فلور کھلا ہے، اگر آپ کو لگتا ہے کہ میں یہاں پہ جھوٹ بول رہا ہوں تو آپ دوبارہ یہاں پہ سوال اٹھا سکتے ہیں ان شاء اللہ، تو میری گزارش ہے، ریکویسٹ ہے کہ آپ اپنی کٹ موشنز کو واپس لے لیں۔ شکریہ، تھینک یو۔

جناب سپیکر: جناب بیٹنی صاحب۔

جناب محمود احمد خان: منسټر صاحب ډیرې خوږې خبرې وکړې خو مونږ دا ریکویسټ ورته کړے وو چې پالیسی څه ده د دې ټرانسفر، خالی زما د ذات سره دشمنی ده که دا ټوله پالیسې څه ده چې خالی چې هغه وګوری چې دا د بیټنی صاحب ملګرے دے، هغه ټرانسفروی نو اوس دا پالیسی څه ده د حکومت؟ خالی د ایم این اے په محتاج باندې دا صوبائی حکومت چلیږی، دا د واضح کړی بیا ټهیک ده چې دا ټول ممبران مونږ دلته راغو چې آیا واقعی چې هغلته خالی د ایم این اے پاور چلیږی، مونږ خو دا نه ورته وایو چې ته فلانکے ټرانسفر کړه زمونږ والا کسان، دا نه مونږ ورته وایو چې په خپل ځائې ئے پرېږده۔ که کرپشن کوی بالکل Suspend ئے کړه، که رشوت اخلی Suspend ئے کړه، ختم ئے کړه لیکن ذاتیات خو مه کوه کنه، تاسو خو په ذاتیات باندې راغلئ چې د ایم این اے کلی وال وی، ما ته ئے ووئ راکړے وی، دا وائی ختم کړه، دا دفتر ته کړه، ولې؟ مونږ ته د دغه شی جواب راکړی چې څه پالیسی ده د دې ټرانسفر والا۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

وزیر مال واملاک: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ٹرانسفر/پوسٹنگ پالیسی کے حوالے سے جو تحصیلدار ہیں، ان کی تو بورڈ آف ریونیو سے ہوتی ہے ٹرانسفر، اور پالیسی ہے کہ ایک سال تک اگر اس کے خلاف کوئی شکایت نہ آئے یا کسی غلط چیز میں وہ Involve نہ ہو تو ایک سال تک ٹرانسفر اس کی نہیں کی جاتی اور ہم کر بھی نہیں رہے ہیں تحصیلدار کی ٹرانسفر، آپ کے ضلعوں میں تحصیلدار ہیں، موجود ہیں، اگر کوئی ہوئی ہوگی تو میرے خیال میں Suspend ہوا ہوگا وہ۔ اس کے علاوہ پٹواری کی بات کر رہے ہے، پٹواری کی پوسٹنگ ٹرانسفر کا کوئی بھی تعلق نہیں ہے بورڈ آف ریونیو کے ساتھ، ڈپٹی کمشنر کرتا ہے اس کو، ڈپٹی کمشنر آپ کا بھی ہے، ہمارا بھی ہے۔ آپ حلقے کے ایم پی اے ہیں، وہ اس کو کرتا ہے اور چھ مہینے کی پالیسی ہے پٹواری کی اور چھ

مہینے تک اگر اس کو شکایت نہ آئے تو وہ ٹرانسفر اس کی نہیں ہوتی لیکن اگر وہ عوام سے پیسے لے گا اور شکایت آئے گی تو میرے خیال میں چھ مہینے تو کیا میں چھ منٹ بھی نہیں چھوڑونگا اس کو۔ پھر یہ بھی ہے یہ ڈی سی صاحب کو کلیئر ہیں یہ باتیں اور باقی اگر آپ کو کوئی تحفظات ہیں، پٹواری کے ٹرانسفر کے حوالے سے آپ نے پہلے بھی مجھے دو دفعہ بیان کیا ہے تو ان شاءاللہ میرے خیال میں ڈپٹی کمشنرز صاحبان کو میں فلور پہ کھڑا ہو کر یہ کہہ رہا ہوں کہ ان کو دیکھنا چاہیئے اور اسمبلی کے جو ہمارے ممبران ہیں، ان کا ہی مینڈیٹ ہے، ان کا حلقہ ہے اور اگر ایسے لوگوں کا وہ کہتے بھی ہیں، اپنے حلقے میں کسی کا نام لیتے ہیں کہ یہ بندہ ہونا چاہیئے اور اچھا بندہ ہے تو اس پر بیشک چیک رکھیں وہ، لیکن ساتھ ساتھ اگر ان کے کہنے پر وہ کرتے ہیں تو مجھے اس پہ کوئی اعتراض نہیں ہے اور میرا اس سے کوئی Concern بھی نہیں ہے اور میں آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ پاور لینے میں بڑا مزہ آتا ہے ہر انسان کو، مجھے بار بار کہا جا رہا ہے کہ آپ پٹواریوں کی ٹرانسفر اپنے پاس لے لیں لیکن میں نہیں لینا چاہتا، اس لئے کہ یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے اور یہ ضلع کے لیول پہ ہے اور ہر ضلع کو کنٹرول کرنا میرے لئے یہاں سے بیٹھ کر بہت مشکل ہے، اس لئے میں اس چکر میں پڑ ہی نہیں رہا ہوں، میں ایک پالیسی بنا رہا ہوں اور ٹرانسفر/پوسٹنگ جو ہے، آپ کے پٹواری کی حد تک جو ہے وہ آپ کا ڈپٹی کمشنر کر رہا ہے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ میرے خیال میں منسٹر صاحب نے ایک وضاحت کی ہے، میں ریکویسٹ کرونگا، ہمارے پاس ٹائم بھی، آپ اپنا فیصلہ کریں جلدی کہ واپس لیتے ہیں تاکہ آگے چلیں۔ بیټنی صاحب! ٹھیک دے ؟

جناب محمود احمد خان: ٹھیک دہ سر۔

جناب سپیکر: اوکے بیٹنی صاحب۔ میں نام سب کا لیتا ہوں تاکہ ویسے مطلب یہ ہے آمنہ سردار، اعظم خان درانی، انیسہ زیب، راجہ فیصل زمان، سید جعفر شاہ، سکندر خان، سلطان محمد خان، سردار اورنگزیب، ثوبیہ شاہد، عبدالستار خان، عظمیٰ خان، عبدالکریم خان، مفتی جانان، ملک ریاض، مولانا عصمت اللہ، محمود بیٹنی، شیراز خان۔۔۔۔۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی؟

جناب سکندر حیات خان: ووټنګ پرې وکړئ۔

جناب سپیکر: جی؟

جناب سکندر حیات خان: ووټنګ پرې وکړئ۔

جناب سپیکر: جی جی او کے جس نے کٹ موشنز کے حق میں بات وہ کرنی ہے تو وہ 'Yes' کہیں گے اور جس نے ان کو مطلب ناں کہنا ہے، وہ 'No' کہیں گے۔ Now I put these cut motions to vote. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The cut motions are defeated and Demand No. 6 is granted.

(Applause)

Mr. Speaker: Honourable Minister for Excise & Taxation, to please move his Demand No. 7.

(Applause)

جناب جمشید الدین (وزیر آبکاری و محاصل): وعلیکم السلام۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 53 کروڑ 50 لاکھ 94 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2015 کو ختم ہونے والے سال کے دوران آبکاری و محاصل کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

(تالیاں)

وزیر آبکاری و محاصل: ډیره مهربانی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding rupees 53 crore 50 lac 94 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2015, in respect of Excise and Taxation.

Cut motions, cut motions on Demand No. 7: Madam Amna Sardar.

محترمہ آمنہ سردار: جناب سپیکر! میں پچاسی ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees eighty five thousand only. Azam Khan Durrani.

جناب اعظم خان درانی: شکریہ جناب سپیکر۔ اس بندے کو جو میں دیکھتا ہوں نا، Nice بندہ ہے، میں کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Arbab Akbar Hayat. Lapsed. Madam Aneesa Zeb.

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ میں مطالبہ زر نمبر 7 میں تخفیف کیلئے پانچ سو روپے کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five hundred only. Raja Faisal Zaman.

Raja Faisal Zaman: Sir, I move a cut of one lac rupees.

Mr. Speaker: Sorry. The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Madam Romana Jalil. Sardar Hussain Chitrali. (Not present, it lapses). Sardar Zahoor Ahmad. (Not present, it lapses). Sardar Aurangzeb Nalotha.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میں ایک کروڑ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one crore only. Sultan Muhammad Khan.

Mr. Sultan Muhammad Khan: Mr. Speaker, I beg to move a cut of rupees five thousand on Demand No. 7.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Mr. Sardar Hussain Babak. (Not present, it lapses). Mr. Saleh Muhammad.

جناب صالح محمد: جناب سپیکر! میں Motion withdraw کرنا چاہتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: The motion before the House is that, withdrawn. Madam Sobia Khan.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر! پانچ لاکھ کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Mr. Abdul Karim Khan.

جناب عبدالکریم: د پانچ هزار روپو کټ موشن پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Madam Uzma Khan.

محترمہ عظمیٰ خان: سر! دوہزارروپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two thousand only. Mr. Fredric Azeem. (Not present, it lapses). Mr. Noor Salim Malik.

Mr. Noor Salim Malik: Mr. Speaker, I beg to move a cut of rupees fifteen hundred on Demand No. 7.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifteen hundred only. Mufti Said Janan.

مفتی سید جانان: زه جناب سپیکر صاحب! دا میاں صاحب ډیر ښه غونډې سړے دے، زه د دغې وجې نه دا کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ملک ریاض خان۔

ملک ریاض خان: جناب سپیکر، نن نه شل کاله مخکښې نه مې تعلق دے ورسره او ډیر خوږ سړے دے، ما خپل کټ موشن د ده عزت د پاره واپس کړو۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ماشاءاللہ۔ مولانا محمد عصمت اللہ۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! میں واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر محموداحمد بیٹنی۔

جناب محمود احمد خان: زه دا خپل کټ موشن د میاں صاحب د پاره واپس اخلم او ټول اپوزیشن ملګرو ته خواست کوم چې د میاں صاحب کټ موشنز د واپس کړی۔

(تالیاں) او ځکه چې دا زمونږ، دا ډیر ښې آزاره دے جی او ټول ملګرو ته خواست کوؤ چې د میاں صاحب کټ موشنز د واپس کړی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر معراج ہمایون۔ میڈم معراج ہمایون۔ (قہقہہ) سوری۔

محترمہ معراج ہمایون خان: (قہقہہ) ہائے ہائے ہائے۔ ډیره مهربانی، ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔ (څو مره پرې د غه کړی دی)۔ I beg to move a cut of Seven hundred rupees from Demand No. 7.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees seven hundred only. Mr. Munawar Khan Advocate.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: ما خو سرا! چې کله دا کټ موشن هغه کولو نو هغه ټائم کښې هم زما دا سوچ وو چې د دس روپې مې هغه کړې وو خو د میاں صاحب لکه نورو منسټرانو ته هم لکه دا خواست کوم چې څرنګه د میاں صاحب Behavior دے، څه رنګې طریقه ده، دا ټول کسان لګیا دی د ده کټ موشنز واپس کوی نو په هغې سلسله کښې زه هم دا خپل کټ موشن واپس اخلم سر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر محمد شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: یہ مطالبہ زر نمبر 7 پر میں نے پانچ کروڑ روپے کی کٹ موشن پیش کی ہے لیکن یہ سب ہاؤس کہتا ہے کہ میاں صاحب اچھے آدمی ہیں تو میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مولانا مفتی فضل غفور۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔ ما په ایکسائز اینډ ټیکسیشن باندې د 75 لاکھ روپئ کټ موشن راوړے دے خو دا میاں صاحب ډیر ښې بدو سړے دے اګرچه د چا د بنې هم نه دے (قہقہے) خو زه یو شرط لګوم جی۔ زه به خپل کټ موشن واپس اخلم خو د یو شرط سره، هغه شرط دا دے چې دے به 'Yes' په قلاره وائی ځکه دے 'Yes' دومره تیز اووائی چې مونږ له دلته غوږونه کاڼه کړی۔ (قہقہے) نو بهرحال زه جی واپس اخلم جی، کټ موشن واپس اخلم جی۔

Mr. Speaker: Mian Zai-ur-Rehman, lapsed. Muhammad Reshad, lapsed. Madan Nighat Yasmeen, lapsed. Mr. Wali Muhammad, lapsed. Madam Yasmeen Pir Muhammad.

محترمہ یاسمین پیر محمد خان: زه هم خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: دا باقي چې کوم پاتې دي نو زه تاسو ټول چې دے نو جی، واپس؟۔۔۔

جناب سلطان محمد خان: سر!

جناب سپیکر: جی جی، هس سلطان۔

جناب سلطان محمد خان: سر، زه یو خبره کوم۔ میاں صاحب ډیر زیات ښه سړے دے، ډیر زیات ښه سړے دے او ما ځکه، دا کټ موشن به ما هم په هغه وړومبی دغه کښې اخستے وو واپس خو چونکه دې ټولو اخستو نو ما وئیل چې دوئ کښې او ما کښې به بیا میاں صاحب ته څه فرق نه ښکاری، نو ما وئیل چې زه ئے یو ځل پیش کړم او بیا وروستو واپس واخلم نو میاں صاحب ته به پکښې زه یاد یم، یو خبره خو دا ده جی۔ دویمه خبره دا ده، یو شرط زه هم پکښې، څنګه چې مفتی صاحب اووئیل چې د میاں صاحب چې کوم ځائې کور دے نو هلته ډیرې ښې چهولې ملاویږی د شوکرې چهولې ورته وائی، که هغه رابا ندې هر ځل خوری په نوبنار کښې نو دا کټ موشن زه واپس اخلم۔ (قہقہے) I withdraw my cut motion Sir.

جناب سپیکر: جی کریم خان۔

جناب عبدالکریم: سپیکر صاحب! ما خپل کټ موشن د دې وجې۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی بھی یہ سسٹم وہ، آگے پیچھے ہوگیا ہے۔

جناب عبدالکریم: په وړومبی چانس کښې واپس وانخستو چې میاں صاحب ډیر پرخلوصه او صفا نیت والا سړے دے او عزتمند سړے دے۔ زمونږ مشر هم دے خو ډیپارټمنټ چې دے باوجود د دوئ د Stress نه، زما یو مسئله ډیپارټمنټ سره راغلې وه، سی ایم صاحب د هغې سمری هم Approve کړې وه خو هغې کښې ما سره هغوی ټال مټول، ټال مټول، تاریخونه، تاریخونه، زه ورته وایم چې ما له In

writing کبنې جواب راکړئ خو د میاں صاحب نه پاتې نه ده، د میاں صاحب په دغه، په نیت باندې زه شک نه کوم، زه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ہاں جی، فیصل۔

راجہ فیصل زمان: سر! میاں صاحب کی صحت بھی میری جیسی ہے اور مزاج بھی میرا جیسا ہے، میں کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

(قہقہے اور تالیاں)

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ جتنے بھی میرے ساتھی ہیں، معزز اراکین، وہ بہت زیادہ معتقد لگ رہے ہیں میاں صاحب کے لیکن جتنی ہماری ان کیلئے Good wishes ہیں، اتنی شاید میرا خیال ہے ان میں سے کسی ایک کی بھی نہیں ہیں لیکن میاں صاحب کے تو Against یہ ہے ہی نہیں، کٹ موشن میری، یہ تو محکمے کیلئے ہے لیکن چونکہ اب اور کچھ ساتھی ہیں جنہوں نے خاص طور پر کہا تو پھر میں بھی یہ Withdraw کر لیتی ہوں ان کے کہنے پہ، میاں صاحب کے Against یہ نہیں ہے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میڈم معراج۔

محترمہ معراج ہمایون خان: ټول وائی ښه سړے دے، ښه سړے دے، میاں صاحب وائی ښه سړے دے نو ما ته د Mark Antony هغه سپیچ رایاد شو، وائی Brutus is an honourable man, Brutus is an honourable man خو بیا End کښې چې دے Brutus was the most unkindest cut of all، نو هسې نه چې بیا مونږ اپوزیشن له د شا نه راله چاړه منډی نه، نو زه به هم Withdraw کړم خو چې مونږ سره بیا لږ ښه چلیږی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: سپیکر صاحب! هر کس وائی چې منسټر بنه سړے دے او دا ټول منسټران بنه دی، که Personality ئے ګورې، که Character ئے ګورې، بنه ټهیک ټهاک دی خو زما به دا خوشحالی وی که د هغوی په کارکردګئ مونږ دا کټ موشن واپس اخستے نو دا به ډیره بنه خبره وه خو اوسه پورې یو چا هم اونه وئیل چې د دې محکمې کارکردګی بنه ده نو زه دا کټ موشن واپس اخلم خو ټول په Personality لګیا دی جی نو Personality خو د دې منسټر صاحب ډیره Sober personality ده او ډیر Kind دے مونږ سره او بل دا ده چې By birth زه هم د نوشهره یم، زما یو Affiliation دے د نوشهره سره نو زه کټ موشن واپس اخلم جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میرے خیال میں ختم ہوگئے سارے۔اچھا، عظمیٰ، آمنہ سردار، جی اوکے اوکے۔

محترمہ آمنہ سردار: جی جناب سپیکر! بالکل جیسے سب نے واپس لی ہیں، ہم ان کو Honour کرتے ہیں، ہمارے بڑے معزز وہ ہیں، ممبر ہیں لیکن تھوڑی سی اپنی اگر میں آواز بھی پہنچادوں کہ پرابلم کیا ہے؟ گاڑیوں کی رجسٹریشن نہیں ہورہی ہوتی ہے،ان سے تھوڑا ساپرابلم بن رہا ہے، بوگس نمبر لگے ہوئے ہوتے ہیں تو یہ اس چیز کو سر! آپ نے نہیں کرنا، آپ کے محکمے نے کرنا ہے۔ وہ ماشاءاللہ، جناب سپیکر! ایک بہت اچھے انسان ہیں لیکن اصل بات محکمے کی کارکردگی کی ہے کہ محکمے کی کارکردگی پہ نظر ہونی چاہیئے۔ بہت شکریہ، میں واپس لیتی ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ثوبیہ خان۔

ایک رکن: میاں صاحب به تقریر کوی۔

جناب سپیکر: میاں صاحب به، میاں صاحب! دوئ وائی تقریر به کوی۔ هاں ثوبیه خان۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر، ډیره ډیره مهربانی۔ دا میاں صاحب چې کوم دے دا د پی ټی آئی چې کوم ګورنمنټ روان دے، د دوئ یوه نمونه ده۔ (قہقہہ)

ټهیک شوه کنه چې نه د چا د بنې دے او نه د چا د بدې دے۔ (قہقہے) واؤرئ کنه، نور خو واؤرئ کنه۔ نه د چا د بنې دے او نه د چا د بدې دے، نه د چا سره بنه کولې شی او نه بد کولې شی او مونږ خو پرېږدوه ایم پی اے ګان او ګورنمنټ او کارکردګی د هر چا خو پرېږدوه۔ ما ورته یو ورځ ټیلی فون وکړو چې دا یو کس دے د دې کس دا ټرانسفر کینسل کړئ نو راته وائی بالکل ئے زه کوم، ما وئیل بنه۔ بیا مې ورته ټیلی فون وکړو، ما ته وئیل اوس ئے کینسل کوم، ما وئیل بنه کینسل د کړو؟ وائی نه، بالکل ئے اوس کینسل کوم۔ لږ ساعت پس مې ورته مازیګر بیا وکړو، ما وئیل څنګه سرا! څه چل د وکړو؟ وائی هغه بس هم هغه سیکرټری وائی Gym ته تلے دے، وورزش کوی (قہقہہ) چې کله راشی نو بیا به ئے درله کینسل کړم۔ بنه بیا مې ورته وکړو، ما وئیل سیکرټری د Gym نه نه، وائی هغه خو زما په خیال اوس د خوب ټائم دے نو، وائی اوده شوے هم دے۔

(قہقہہ)

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔ (قہقہہ)

محترمہ ثوبیہ شاہد: نه جی۔

جناب سپیکر: شکریہ شکریہ۔ہاں، جی جی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: مطلب ټول خلق وائی-----

جناب سپیکر: وہ ہم میاں صاحب کی تقریر سننا چاہتے ہیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: نو ما خو هم دغه خبره کوله، ټول خلق وائی د پی ټی آئی ګورنمنټ ډیر بنه دے، ډیر بنه دے خو دې یو کال کښې ئے هیڅ هم ونکړل، هیڅ ئے هم ونکړل په یو کال کښې، نو دغه شان میاں صاحب هم هیڅ ونکړل په یو کال کښې، د محکمې نه ئے هم تپوس وکړئ، زمونږ نه او نه ئے چا ته څه توجه ورکړې ده، نو ان شاء الله خو چې ټول وائی چې بنه سړے دے نو وابه ئے خلو نو۔ مهربانی۔

(قہقہہ)

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! دا منسٹر صاحب خو ډیر بنه سړے دے اس لئے میں واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: نور سلیم۔

جناب نور سلیم ملک: شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! جب تمام لوگ کہہ رہے ہیں کہ میاں صاحب اتنے اچھے آدمی ہیں تو میرا خیال ہے پھر اس میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ اتنی گواہیاں جب آجائیں تو پھر تو کچھ ضرورت نہیں ہے۔ میں صرف ایک چھوٹی سی بات میاں صاحب کے گوش گزار کرنا چاہونگا۔ میرے ضلع میں ایک فیکٹری آتی ہے اور ایکسائز کی جو ڈیوٹی ہے، وہ تمام جو Premises ہیں ان سے لی جارہی ہے تو وہاں پر کچھ رکاوٹیں ہیں، انہوں نے کافی عرصے سے وہ ایکسائز کی ڈیوٹی Pay نہیں کی ہے، سیمنٹ فیکٹری، لکی سیمنٹ فیکٹری، اس سلسلے میں پہلے بھی یہاں ہاؤس میں ذکر ہو چکا ہے تو میں میاں صاحب سے یہ چاہونگا اور میرا خیال ہے، مجھے امید ہے جیسا کہ ثوبیہ بی بی نے کہا کہ ایسا نہ ہو کہ سیکرٹری صاحب پھر کہیں Gym گئے ہوئے ہوں یا کہیں اور ہوں تو مجھے امید ہے کہ میاں صاحب اس کو Seriously لیں گے اور اس مسئلے کو حل کرینگے۔ اس کے علاوہ ایک اور میری درخواست ہے، بلکہ یہ تمام دوستوں سے درخواست ہے کہ میاں صاحب اردو میں تقریر کرینگے اور اس تقریر کرنے کے بعد سالانہ کارکردگی کا بھی ذکر کرینگے اور اس تقریر کے بعد ان شاءاللہ تعالیٰ یہ ایک کامیاب منسٹر کہلائیں گے۔ میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: میاں صاحب۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ہں جی۔

جناب بخت بیدار: حقیقت خبره خو دا ده چې مونږ اوس څه خبره کولې نشو خو کم از کم دا میاں صاحب ټول ایوان ئے خوښوی نو مونږ ئے هم خوښوؤ خو دا تقریر به خامخا، اردو کښې د نه کوی په پښتو کښې د وکړی خو اود کړی۔

جناب سپیکر: میاں صاحب۔

(تالیاں)

جناب جمشیدالدین(وزیرآبکاری ومحاصل): زه خو وړومبے د ټولو معزز ممبرانو چا چې دا کټ موشن پیش کړے وو، هغوی واپس واخستو د زړه د کومې نه د هغوی ټولو شکریه ادا کوم چې ما ته مو دومره عزت راکړو، الله ته عزتمند شئ جی۔

ایک رکن: تقریر کرو۔

وزیرآبکاری ومحاصل: تقریر وکړم؟ ښه۔ ګوره دا دے هم لنډه، خلق کارکردګی وائی، 2012-13 میں 1631 ملین، ابھی ہم نے ٹارگٹ رکھا ہے 2936 ملین اور یہ تقریباً (تالیاں) اور یہ تقریباً 85% ہم نے آج تک وصول کیا ہے، ان شاء اللہ 30 جون تک یہ ٹارگٹ ہم پورا کرلیں گے۔ (تالیاں) یہ من پسند گاڑیوں والا مسئلہ جو ہے، ابھی ہم نے تقریباً صوبے میں جن جن کے پاس گاڑیاں تھیں، Previous government نے دی تھیں من پسند لوگوں کو، بحکم وزیراعلیٰ ہم نے سب سے واپس لے لیں (تالیاں) اور 58 ہم نے سیکرٹری ایڈمنسٹریشن کے حوالے کردی ہیں۔ اس مسئلے پر مجھ سے بڑے میرے Colleagues خفا بھی ہیں، ہر ایک کہتا تھا مجھے گاڑی دو، میں نے آج تک کسی کو گاڑی نہیں دی۔ (تالیاں) اچھا، رجسٹریشن کی بات ہے، ابھی جو اسلام آباد میں رجسٹرڈ کرتا ہے میرے خیال میں ہم میں اکثریت ایم پی ایز اور منسٹرز کی گاڑیوں پر بھی اسلام آباد کا نمبر لگا ہوا ہے حالانکہ کچھ ایسا مسئلہ نہیں یہاں پہ، کہ یہ ابھی پچھلی دفعہ Previous government میں جب خیبر پختونخوا کا نام چینج ہوا تو ایک لاکھ 72 ہزار نمبر پلیٹس کی کمی کا سامنا تھا جو کہ سال 2011 سے لیکر 2013 تک، اس سال وہ Backlog ایکسائز ڈیپارٹمنٹ نے ختم کردیا ہے، ایک لاکھ دوہزار نمبر پلیٹس متعلقہ گاڑی مالکان کو ہم نے کلیئر کردیئے۔ (تالیاں) اچھا KPRA جو 18^{th} amendment کے بعد یہ سیلز ٹیکس اینڈ سروسز جو صوبوں کو آگئے، KPRA ہم نے اس سال بنادی حالانکہ یہ دو سال پہلے بنانا چاہیئے تھی۔ اس میں ہمیں مرکز سے جو رقم ملتی تھی چار ارب روپے اور ہم نے ابھی تک چھ ارب روپے وصول کرلیے ہیں (تالیاں) اور یہ چار ارب روپے ہمیں مرکز اقساط میں دیتا تھا۔ باقی جو کرپشن کی بات ہے، آپ مجھے پوائنٹ آؤٹ کریں، ان شاء اللہ میں آپ کے ساتھ چلونگا، میرے ڈیپارٹمنٹ میں بحکم وزیراعلیٰ کوئی

کرپشن نہیں ہوگی، مجھے بتائیں اور آپ کی شکایت پر عمل نہیں ہوا تو پھر آپ کا ہاتھ اور میرا گریبان۔ تھینک یو، تھینک یو۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: بہت اچھا، بہت اچھا۔ میاں صاحب! آپ نے ماشاءاللہ آپ نے بہت اچھی کارکردگی دکھائی ہے اور آپ نے بہت اچھا پرفارم کیا اور آپ نے بہت اچھی سپیچ ڈیلیور کی ہے، مبارکباد ہو آپ کو اور اس بات کی مبارکباد ہو کہ اتنا ہاؤس آپ کے اوپر متفق ہے، آپ کے اوپر اتنا ہاؤس متفق ہے، اس کیلئے بھی آپ کو مبارکباد ہو۔ Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 7, therefore, the question before the House is that Demand No. 7 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. The sitting is adjourned till 10:00 a.m. of Monday morning, dated 23-06-2014.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 23 جون 2014ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)